F.6-4 (Edit)/2023 NCPUL Press Release

...kram\Desk... Release ...\2021\July\16.7... Logo.JPG not found.

jk"Vh; mnw Hkk"kk fodkl ifj"kn

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:09/07/2023

پروفیسر شیخ عقیل احمد کے اعزاز میں خصوصی تقریب کا انعقاد 10 جولائی کو

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے ڈائرکٹر کی خدمات کے اعتراف میں انھیں رہنمائے ’کاروان اردو ایوارڈ‘ پیش کیا جائے گا

وانمباڑی: الکوثر ریسرچ فاؤنڈیشن وانمباڑی نے قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے ڈائرکٹر پروفیسر شیخ عقیل احمد کی ہمہ جہت خدمات کا اعتراف کرتے ہوئے انھیں ’رہنمائے کاروان اردو‘ ایوارڈ پیش کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ واضح رہے کہ پروفیسر عقیل احمد ایک فعال و متحرک دانشور، سنجیدہ و بصیرت مند ناقد اور ہمہ جہت صلاحیتوں کی حامل شخصیت ہیں، وہ دو دہائی سے زائد عرصے سے دہلی یونیورسٹی کے ستیہ وتی کالج میں تدریسی خدمات انجام دے رہے ہیں اور گزشتہ تقریباً پانچ سالوں سے ہندوستان میں فروغ اردو کے سب سے بڑے ادارے قومی اردو کونسل کے ڈائرکٹر کی حیثیت سے مصروفِ خدمات ہیں۔ اردو ادب، تنقید و تحقیق کے مختلف موضوعات پر ان کی پندرہ کتابیں اور ہندی، اردو و انگریزی میں سو سے زائد مضامین شائع ہو چکے ہیں اور وہ درجنوں نیشنل اور انٹرنیشنل سمیناروں میں علمی، ادبی و تنقیدی موضوعات پر مقالات پیش کر چکے ہیں۔ انھوں نے متعدد کتابوں کا ہندی سے اردو میں ترجمہ بھی کیا ہے۔ اس کے علاوہ بحیثیت مہمان خصوصی، صدر جلسہ اور خصوصی مقرر کی حیثیت سے بھی انھوں نے ملک و بیرون ملک کے درجنوں سمینار، کانفرنس اور سمپوزیم و مذاکروں میں شرکت کی اور لیکچرز دیے ہیں۔

2018 میں کونسل کا ڈائریکٹر بنتے ہی شیخ عقیل احمد نے یہ عہد کیا تھا کہ اردو کونسل کو کشمیر سے کنیا کماری تک پہنچانا ہے۔ آج ان کی کوششیں رنگ لا چکی ہیں اور مشرق سے مغرب اور شمال سے جنوب تک پورے ملک میں اردو زبان کا علَم لہرا رہا ہے۔ ملک کی تمام ریاستوں میں اردو زبان کا بول بالا ہونے کے ساتھ اردو کی نئی بستیاں آباد ہو رہی ہیں۔ کونسل کی اسکیموں کا فائدہ دور دراز کے خطوں تک پہنچ رہا ہے اور نئی نسل کو اردو زبان سے جوڑنے کا کام ہو رہا ہے۔ گوا، کیرالا، جزائر انڈمان و نیکوبار، منی پور و آسام وغیرہ جیسے خطوں تک بھی اردو زبان کا دائرہ وسیع ہو رہا ہے۔ شیخ عقیل احمد کو اردو زبان و ادب کی بے مثال خدمات کے عوض مختلف قومی و بین اقوامی تنظیموں اور ادبی اداروں کی جانب سے بہت سے انعامات و اکرامات سے بھی نوازا جا چکا ہے۔

شیخ عقیل احمد کی ہمہ جہت شخصیت اور خدمات کا اعتراف علمی و ادبی حلقوں میں نہ صرف زبانی بلکہ تحریری و تصنیفی سطح پر بھی کیا جا رہا ہے۔ چنانچہ وقتاً فوقتاً ملک کے مختلف اہل علم و قلم ان کی شخصیت اور خدمات کے کسی نہ کسی پہلو پر تنقیدی و تجزیاتی مضمون لکھتے رہتے ہیں، مختلف مجلّات و رسائل نے ان پر خصوصی نمبرز شائع کیے ہیں، ساتھ ہی ان کی شخصیت و خدمات پر چالیس سے زائد مضامین کا مجموعہ بھی زیر طبع ہے۔ ان کی قابل قدر خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے الکوثر طب نبوی ریسرچ فاؤنڈیشن، وانمباڑی نے بھی ایک اعزازی تقریب کے انعقاد کا فیصلہ کیا ہے جس میں فاؤنڈیشن کی جانب سے پروفیسر عقیل کی خدمت میں ’رہنمائے کاروان اردو‘ ایوارڈ پیش کیا جائے گا۔

قابل ذکر ہے کہ اس تقریب کا انعقاد اسلامیہ کالج وانمباڑی میں فاؤنڈیشن کے بانی و سرپرست، ملک کے معروف معالج ڈاکٹر حکیم کوثر صاحب کی سرپرستی میں منعقد کیا جائے گا۔ اس موقعے پر ملک کے مختلف حصوں سے بڑی تعداد میں اہل علم اور دانشوران کی شرکت متوقع ہے۔

(رابطہ عامہ سیل)